# نوٹس برائے سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ دی آرگینک میٹ کمپنی لمیٹڈ (دی کمپنی) کا 15 واں سالانہ اجلاسِ عام بروز پیر 27 اکتوبر 2025ء صبح 11:30 بجے کمپنی کے کارپوریٹ آفس بواقع پلاٹ نمبر 257، سیکٹر 24، کورنگی انڈسٹریل ایریا، کراچی درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔

عمومی امور:

ا۔ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظور کرنا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 کے مطابق اور S.R.O.389(1)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت، کمپنی کے مالیاتی گوشواروں کو کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے جس تک درج ذیل ویب لنک کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے:

ویب لنک: www.tomcl.net

۲۔ آڈیٹرز BDO ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو سال 2025-2026 کے لیے کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ مقرر کرنا اوران کے مشاہرہ کا تعین کرنا۔

خصوصی کاروبار:

۳۔ ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 10% کی شرح پر بونس شیئرز جاری کرنے کے لئے فری ریزرو کی کیپٹلائزیشن کے لیے درج ذیل عام قراردادوں کے طور پر ظاہر ہونے والی قراردادوں پر غور وخوض اور، اگر بہتر خیال کیا گیا تو، ترمیم کے ساتھ یا ترمیم کے بغیر منظور کرنا۔

قرار پایا کہ حصص یافتگان کی سالانہ باڈی بذریعہ ہذا مکمل طور پر ادا شدہ بونس حصص کے طور پر ہر ایک 10 روپے کے 17,849,121 عام حصص جاری کرنے کے لئے کمپنی کے فری ریزروز میں سے کیپٹلائز کی جانے والی 178,491,213 روپے کی مجموعی رقم کی توثیق کرتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ بونس حصص کی کمپنی کے موجودہ حصص کے ساتھ تمام پہلوؤں سے پاری پاسو کی درجہ بندی کی جائے گی۔

مزید قرار پایا کہ اراکین کے جزوی حقوق کو پورے حصص میں یکجا کر کے سٹاک مارکیٹ میں فروخت کیا جائے گا اور فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کسی خیراتی ادارے کو عطیہ کی جائے گی۔

اجلاس میں زیرِ غور خصوصی امور کے سلسلے میں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مطلوبہ بیان نوٹس ہذا میں شامل ہے۔

۴۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی دیگر امور سرانجام دینا۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز

عمران خان
کمپنی سیکریٹری

کراچی
**06 اکتوبر 2025ء**

## نوٹس:

ا۔ کتابوں کی بندش کا نوٹس

کمپنی کی حصص منتقلی کتابیں اور ممبران کا رجسٹر درج ذیل کے مطابق بند رہے گا۔

**I**۔ سالانہ اجلاس عام کے لئے

ممبران کا رجسٹر بدھ، 22 اکتوبر 2025ء تا سوموار، 27 اکتوبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بند رہے گا۔ اس مدت کے دوران حصص کی کوئی منتقلی رجسٹر نہیں کی جائے گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز کارپٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار اور کارپٹیک کنسلٹنٹس، E-503، جوہر ٹاؤن، لاہور کے پاس بروز منگل مورخہ 21 اکتوبر 2025ء اختتام کاروبار کے وقت تک موصول ہونیوالی منتقلیاں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

**II**۔ بونس حصص کے لئے

جیسا کہ 29 ستمبر 2025 (پری اوپن) کو پہلے ہی اعلان کیا گیا، حصص منتقلی کتابیں منگل، 14 اکتوبر 2025ء تا منگل، 21 اکتوبر 2025ء (بشمول دونوں ایام) بونس شیئر استحقاق کے لئے بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر میسرز کارپٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار اور کارپٹیک کنسلٹنٹس، E-503، جوہر ٹاؤن، لاہور کے پاس بروز سوموار مورخہ 13 اکتوبر 2025ء اختتام کاروبار کے وقت تک موصول ہونیوالی منتقلیاں مذکورہ استحقاق کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

۲۔ کمپنی کا کوئی ممبر، جو سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کا اہل ہے اپنی جگہ دوسرے ممبر کو شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسیز کے موثر ہونے کیلئے لازمی ہے کہ وہ تحریری ہو اور کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو اجلاس شروع ہونے سے 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔

۳۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز سینٹرل ڈیپازٹری سسٹم (سی ڈی ایس) کے ہاں ان کے اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ میں رجسٹرڈ ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ تصدیق کے لیے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ مع سی ڈی ایس میں اپنا اکاؤنٹ نمبر اور شرکاء کا آئی ڈی نمبر ساتھ لائیں۔

۴۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 119 اور ریگولیشن 19 کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی لازمی معلومات جیسے کہ CNIC نمبر، اپ ڈیٹ شدہ میلنگ ایڈریس، ای میل، موبائل/ٹیلی فون رابطہ نمبر اور انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اپنے CNIC کی ایک کاپی کے ساتھ ہمارے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کرنے اور قانون کی عدم تعمیل سے بچنے کے لیے فراہم کریں۔ بصورت دیگر، تمام منافع کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن 6 کے مطابق روک دیا جائے گا۔

۵۔ شیئر ہولڈرز کو یاددہانی کرائی جاتی ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق لسٹڈ کمپنی ہونے کی صورت میں کمپنی کی جانب سے اعلان کردہ نقد منافع منقسمہ کی رقم لازمی طور پر الیکٹرونک ذریعے سے براہ راست شیئر ہولڈر کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کرائی جائے۔ لہٰذا تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنا منافع منقسمہ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے ای ڈیویڈنڈ منڈیٹ فارم پُر کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ www.tomcl.net پر دستیاب ہے اور اس پر دستخط کرکے سی این آئی سی کی کاپی کے ساتھ، فزیکل شیئر ہونے کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار میسرز کارپٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھجوادیں۔ اگر شیئرز سی ڈی سی میں ہیں تو ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم براہ راست شیئر ہولڈرز کے بروکر/شریک / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس جمع کرایا جائے۔ آئی بی اے این جمع نہ کرانے کی صورت میں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے تحت کمپنی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لے گی۔

۶۔ تمام شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ فعال ٹیکس گزاروں کی فہرست (اے ٹی ایل) میں اپنی کیفیت چیک کرلیں جو ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے اور اگر ضرورت ہو تو اے ٹی ایل میں اپنے نام کی شمولیت کے لیے ضروری کاروائی کریں۔ اگر کسی شخص کا نام اے ٹی ایل میں شامل نہیں ہوگا تو لاگو ٹیکس کی شرح قانون کے مطابق ہوگی۔

۷۔ جوائنٹ اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں برائے مہربانی ہر اکاؤنٹ ہولڈر کے شیئرز کا تناسب اور اے ٹی ایل میں انفرادی کیفیت کے بارے میں مطلع کریں۔

۸۔ جو ممبر اپنے زکوٰۃ کی کٹوتی رکوانا چاہتا ہے وہ قانون کے تحت ضرورت کے مطابق دستخط شدہ نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر ڈکلریشن پیش کر سکتا ہے (اگر پہلے پیش نہیں کیا گیا ہو)۔

۹۔ منافع بخش آمدنی سے ود ہولڈنگ ٹیکس چھوٹ کی اجازت صرف اسی صورت میں ہوگی جب جائز ٹیکس چھوٹ کے سرٹیفکیٹ کی کاپی بک کلوزر کے پہلے دن ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دی جائے۔

۱۰۔ CDC اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کو اپڈیٹ کرنے کی ضرورت ہے جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی یا ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز CorpTec Associates Private Limited کو ارسال کرنی چاہئے۔ NTN یا NTN سرٹیفکیٹ ارسال کرتے وقت شیئر ہولڈرز پر لازم ہے کہ وہ کمپنی کا نام اور ان کے متعلقہ فولیو نمبر درج کریں۔

۱۱۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کی پیروی میں جب کمپنی ایک مرتبہ مقررہ کارروائی مکمل کرلے گی تو کسی غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ اور/یا شیئرز جو واجب الادا تاریخ سے تین سال یا اس سے زیادہ کی مدت گزرنے کے بعد بھی واجب الادا ہوں اور قابل ادائیگی ہوں، تو وہ وفاقی حکومت کے پاس (ڈیویڈنڈ ہونے کی صورت میں) بھجوا دیئے جائیں گے۔ جو شیئر ہولڈرز کسی وجہ سے اپنے ڈیویڈنڈ/شیئرز حاصل نہ کر سکے ہوں، ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ یا شیئرز، اگر کوئی ہے، حاصل کرنے یا ان کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

۱۲۔ 30 جون 2025ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.tomcl.net اور www.psx.com.pk پر رکھے گئے ہیں۔

۱۳۔ اے جی ایم میں سمارٹ فونز/ٹیبلٹس/کمپیوٹرز کا استعمال کرتے ہوئے شیئر ہولڈرز شرکت کر سکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے ممبران اور ان کے پراکسیز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 24 اکتوبر 2025 تک cs@tomcl.net پر ای میل کے ذریعے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (دونوں اطراف)/پاسپورٹ، بورڈ ریزولوشن/پاور آف اٹارنی (کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کی صورت میں) کی تصدیق شدہ کاپی کے ساتھ درج ذیل معلومات فراہم کر کے اپنا اندراج کرائیں۔

| رکن کا نام | CNIC نمبر | سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر/فولیو نمبر | سیل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹرڈ اراکین کو کمپنی کی جانب سے اسی ای میل ایڈریس پر ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا جس کے ساتھ انہوں نے کمپنی کو ای میل کیا تھا۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی مکمل ہونے تک کھلی رہے گی۔

۱۴۔ ممبر اپنے ووٹ کا پوسٹل بیلٹ یعنی بذریعہ ڈاک یا الیکٹرونک ذریعہ سے استعمال کر سکتے ہیں جو کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے لاگو شقوں سے مشروط ہے۔

۱۵۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار: ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کے ساتھ ای میل کے ذریعے شیئر کی جائیں گی جن کے پاس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں 17 اکتوبر 2025 کو کاروبار کے اختتام تک ان کے درست CNIC نمبرز، سیل نمبرز، اور ای میل ایڈریس دستیاب ہیں۔

ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، اور پاس ورڈ، ای میل کے ذریعے اراکین کو مطلع کیا جائے گا۔ سیکورٹی کوڈز ممبران کو ایس ایم ایس کے ذریعے کمپنی کے رجسٹرار کارپٹیک ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے بتائے جائیں گے۔ ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے

والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

ممبران 24 اکتوبر 2025ء صبح 9:00 بجے سے 26 اکتوبر 2025ء شام 5:00 بجے تک کسی بھی وقت آن لائن ووٹ ڈالیں گے۔ ایک بار جب کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ووٹ ڈال دیا جاتا ہے، تو اسے بعد میں اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

# کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت مادی حقائق کا بیان

آئٹم نمبر ۳ سے متعلق: بونس شیئرز

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق %10 (یعنی ہر ایک 10 شیئرز کے لئے 1 شیئر) کی شرح پر بونس شیئرز پر غور وخوض اور منظوری دینا۔

اس سلسلہ میں، درج ذیل قرارداد یں (ترمیم کے ساتھ یا ترمیم کے بغیر) منظور کئے جانے کی تجویز دی گئی ہے۔

قرار پایا کہ حصص یافتگان کی سالانہ باڈی بذریعہ ہذا مکمل طور پر ادا شدہ بونس حصص کے طور پر ہر ایک 10 روپے کے 17,849,121 عام حصص جاری کرنے کے لئے کمپنی کے فری ریزروز میں سے کیپٹلائز کی جانے والی 178,491,213 روپے کی مجموعی رقم کی توثیق کرتی ہے۔

مزید قرار پایا کہ بونس حصص کی کمپنی کے موجودہ حصص کے ساتھ تمام پہلوؤں سے پاری پاسو کی درجہ بندی کی جائے گی۔

مزید قرار پایا کہ اراکین کے جزوی حقوق کو پورے حصص میں یکجا کر کے سٹاک مارکیٹ میں فروخت کیا جائے گا اور فروخت سے حاصل ہونے والی رقم کسی خیراتی ادارے کو عطیہ کی جائے گی۔